Shabbir / Fazil

10-10-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- وزیراعظم نریندر مودی نے جواں سال بچیوں کی صحت، تغذیے اور مجموعی نشو و نما پر، مزید توجہ دینے کیلئے کہا ہے۔ انھوں نے خواتین اور بچوں کی ترقی سے متعلق، قومی محکمہ جاتی سربراہ میٹنگ کے اختتامی جلسے کی صدارت کی۔

2- دلی پولیس نے آج قومی راجدھانی میں جنتر منتر پر مجوزہ مظاہروں کی اجازت نہیں دی ہے۔ اُس نے قومی راجدھانی کے پورے علاقے میں حفاظتی اقدامات سخت کردیے ہیں۔ دلی-میٹرو کے 45 اسٹیشنوں سے آنے اور جانے پر بندش لگادی ہے۔

3- BJP کے آٹھ اور سماج وادی پارٹی کے 2 امیدواروں سمیت، اترپردیش کے سبھی 10 امیدواروں کو راجیہ سبھا کیلئے بلا مخالفت چن لیا گیا ہے۔

4- امریکہ نے تیل کی اِتنی زیادہ قیمتوں کے دوران، جس کی کوئی مثال نہیں ملتی، اگلے سال اپریل تک، عالمی مارکیٹ میں روسی ڈیزل کی فروخت پر عائد بندشیں ہٹالی ہیں۔

5- کھیلوں میں پٹّل سونووال نے آسٹریلیا میں، World Bowls Champion of Champions کے سیمی فائنل میں پہنچ کر، ملک کے اب تک کے پہلے تمغے کو یقینی بنالیا ہے۔

6- اور .... مردوں کی کرکٹ میں، ویسٹ انڈیز نے دوسرے ٹی-ٹونٹی بین الاقوامی میچ میں، بھارت کو چھ وکٹ سے ہراکر پانچ میچوں کی سیریز میں ایک-ایک سے برابری کرلی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Women Summit

وزیراعظم نریندر مودی نے جواں سال بچیوں کی صحت، تغذیے اور مجموعی نشو و نما پر مزید توجہ کیلئے کہا ہے۔ وزیراعظم نے یہ رائے زنی کل نئی دلی میں خواتین اور بچوں کی ترقی سے متعلق دو روزہ قومی محکمہ جاتی سربراہ کانفرنس کے اختتامی جلسے کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔

جناب مودی نے جن بھاگیداری یعنی عوامی شرکت کی اہمیت کو اجاگر کیا اور آنگن واڑی مرکزوں کو 'سماجی شراکت داری مرکزوں' کے طور پر تیار کرنے کیلئے کہا۔

جناب مودی نے خواتین کی حفاظت اور انھیں بااختیار بنائے جانے کے بارے میں، بچوں کیلئے، اُن کی عمر کے مطابق Modules تیار کرنے کا مشورہ دیا۔

S/B PM

انھوں نے مختلف محکموں میں، مربوط کوششوں کے ذریعے روک تھام کے اقدامات کی اہمیت پر بھی زور دیا۔x

<u>Delhi Polic CJP Permission Denied</u>

دلّی پولیس نے کل قومی راجدھانی میں جنتر منتر پر CJP کی طرف سے مجوزہ مظاہرے کی اجازت نہیں دی ہے۔ اُس نے رہنما خطوط کی خلاف ورزی اور عوام کی بھلائی سے متعلق تشویش کا ذکر کیا ہے۔

کل نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے دلّی پولیس کی جوائنٹ کمشنر Nupur Prasad نے کہا کہ جنتر منتر پر مظاہرے یا دیگر پروگرام منعقد کرنے کی اجازت کی درخواستوں کو کم سے کم 10 دن پہلے داخل کیا جانا چاہیئے۔

Byte : Nupur Prasad

انھوں نے مزید کہا کہ فی الحال اِس علاقے میں بھارتیہ ناگرک سُرکشا سنہتا کی دفعہ 163 کے تحت امتناعی احکامات نافذ ہیں، جن کے رُو سے عوامی حفاظت اور امن وقانون برقرار رکھنے کیلئے ضروری بندشیں لاگو ہیں۔x

V/C Shivang'

آج جنتر منتر پر مجوزہ مظاہرے سے پہلے قومی راجدھانی میں حفاظت کے سخت اقدامات کیے گئے ہیں۔ ریلوے کے DCP ، بی بھرت ریڈی نے کہا کہ ریلوے پولیس کے 334 اہلکار دلی کے سات بڑے ریلوے اسٹیشنوں پر تعینات کیے گئے ہیں۔ اِن میں عملے کی 120 خواتین بھی شامل ہیں۔ اسی دوران حفاظتی وجوحات سے 45 میٹرو اسٹیشنوں پر داخل ہونے اور نکلنے پر شام چھ بجے تک کے لئے بندش عائد کردی گئی ہے۔ البتہ سبھی متعلقہ میٹرو اسٹیشنوں پر میٹرو ٹرین بدلنے کی سہولت برقرار رہے گی۔ لیکن نئی دلی میٹرو اسٹیشن پر یہ سہولت مہیا نہیں ہوگی۔

مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اپنے سفر کا منصوبہ پیشگی طور پر بنالیں اور غیر ضروری سفر سے بچیں۔

شیوانگ مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...

UP RS Polls Results

اترپردیش سے راجیہ سبھا کیلئے بھارتیہ جنتا پارٹی کے 8 اور سماج وادی پارٹی SP کے دو امیدواروں سمیت سبھی 10 امیدواروں کو بلا مقابلہ منتخب قرار دیا گیا ہے۔ رِٹرننگ افسر اجیت ورما اترپردیش قانون ساز اسمبلی کے خصوصی سکریٹری نے سبھی 10 امیدواروں کے بلا مقابلہ منتخب ہونے کی تصدیق کی ہے۔ BJP کے امیدوار ہیں، دھرمپال سنگھ، پرکاش پال، شُروتی گنگوال، وِدیا ساگر سونکر، پرینکا راوَت، رادھا کانت اوجھا، گوپی کرشنا پانڈے اور رام پرتاپ سنگھ چوہان، جبکہ SP کے امیدوار ہیں، رام گوپال یادو اور دھن راج پریمَل نتھوانی۔ سماج وادی پارٹی کی جانب سے 10ویں سیٹ کیلئے تیسرے امیدوار کو میدان میں نہ اُتارنے کے فیصلے کے بعد سبھی 10 امیدواروں کے بلا مقابلہ چُنے جانے کا راستہ ہموار ہوگیا اور اس طرح یہ چناؤ بلا مقابلہ ممکن ہوا۔

اترپردیش سے 10 راجیہ سبھا ممبروں کے 25 نومبر کو رکنیت کی مدّت ختم ہونے کے سبب سال میں دو بار ہونے والے اس چناؤ کی ضرورت پیش آئی۔ ×

PM Poll Results

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آسام کے نوگاؤں کے لوک سبھا ضمنی انتخاب اور مغربی بنگال کے نندی گرام اور Rejinagar حلقوں کے اسمبلی انتخاب کے نتائج نے ایک بار پھر BJP-NDA کے عمدہ حکمرانی کے ایجنڈے کے ساتھ لوگوں کے گہرے تعلق کو ثابت کر دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے BJP کے کامیاب ہونے والے امیدواروں کو مبارکباد دی اور پارٹی کارکنوں کی لگن اور محنت کی ستائش کی۔ انھوں نے NDA کے اتحادی AINRC کو بھی پڈوچیری میں Thattanchavady میں اُس کی کامیابی پر مبارکباد دی۔×

Rajasthan Tarang Shakti

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج راجستھان کے Air Force اسٹیشن جودھپور میں کثیر ملکی فضائی مشق Tarang Shakti 2026 میں شرکت کریں گے۔ 26 ستمبر کو شروع ہوئی یہ مشق 12 اکتوبر تک جاری رہے گی، جس کا مقصد شرکت کرنے والی فضائی فورسز کے درمیان کارروائیوں کے تعلق سے باہمی تعاون اور مفاہمت کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ اس مشق میں بھارتی فضائیہ سمیت 7 دوست غیر ممالک آسٹریلیا، امریکہ، متحدہ عرب امارات، فرانس، جرمنی، سری لنکا اور بنگلہ دیش حصہ لے رہے ہیں، جبکہ دیگر کئی ممالک مشاہدین کے طور پر اس میں شرکت کر رہے ہیں۔×

Rajnath Natioanl Security

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آج کے دور میں قومی سلامتی کی تشریح بدل گئی ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ قومی سلامتی کا تعین محض مسلح افواج کی تعداد سے نہیں ہوتا، بلکہ یہ دفاعی شعبے میں خود انحصاری سے بھی طے ہوتی ہے۔ وزیردفاع، کل نئی دِلی میں سوسائٹی آف انڈین ڈیفنس مینوفیکچررز چمپئنس ایوارڈ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب سنگھ نے واضح کیا کہ بھارت، جدید ترین فوجی آلات کے معتبر اور قابل بھروسہ برآمدکار کے طور پر اُبھر رہا ہے۔ اُنھوں نے مزید کہا کہ سال 2025-26 میں بھارت کی دفاعی برآمدات ریکارڈ 38 ہزار 424 کروڑ روپے تک جا پہنچی ہیں، جو کہ گزشتہ مالی سال کے مقابلے60 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہے۔x

Scindia Starlink Licence

مواصلات کے وزیر جیوترادتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ بھارت کسی بھی شعبے میں اجارہ داری کی اجازت نہیں دیتا۔ انھوں نے بھارت میں کام کاج کیلئے، Starlink کے لائسنس پر کانگریس کے موقف کی بھی نکتہ چینی کی۔

نئی دلی میں کل، 10 ویں اِنڈیا موبائل کانگریس 2026 سے خطاب کرتے ہوئے جناب سندھیا نے کہا کہ تین کمپنیوں Starlink، Jio Satellite Communication اور Eutelsat OneWeb نے سیٹیلائٹ مواصلات کے لائسنس حاصل کیے ہوئے ہیں۔

انھوں نے کہا کہ فریم ورک کو قطعی شکل دیے جانے کے بعد ہی حکومت اِن کمپنیوں کو محصول میں شرکت کی بنیاد پر، اسپیکٹرم جاری کرے گی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Trump Russia Diesel Deal

امریکہ نے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادیمیر پُتن کے درمیان بات چیت کے بعد 7 اپریل 2027 تک، روسی ڈیزل کی فروخت اور درآمد پر عائد بندشیں عارضی طور پر اٹھالی ہیں۔

امریکہ کے خزانے کے محکمے نے اِس فیصلے کا اعلان کل رات کیا، جس کے تحت روسی ڈیزل کی فروخت، فراہمی، لدے ہوئے ڈیزل کو اتارنے اور اِس کی درآمد سے متعلق نقل وحمل کا اختیار دیا گیا ہے۔

یہ قدم، ایسے وقت اٹھایا گیا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو، نومبر میں اپنے ملک میں وسط مدتی انتخابات سے پہلے، ایندھن کی قیمتوں میں کمی لانے کے، اندرونِ ملک سیاسی دباؤ کا سامنا ہے۔

ایندھن کی سپلائی میں رکاوٹوں کے دوران ڈیزل کی قیمتوں میں عالمی سطح پر اضافہ ہوا ہے۔ x

Jaishankar Ethopina PM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل رات Addis Ababa میں ایتھیوپیا کے وزیر اعظم Abiy احمد علی سے ملاقات کی اور وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے نیک خواہشات پیش کیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ حالیہ برسوں میں بھارت اور ایتھیوپیا کے درمیان دوطرفہ تعاون میں نمایاں تیزی آئی ہے، جس سے دونوں ملکوں کے مشترکہ ترقیاتی عزائم اور جنوب-جنوب یکجہتی کی عکاسی ہوتی ہے۔ بعد میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے بھارت اور افریقی ممالک سے زور دے کر کہا کہ وہ عالمی جنوب کی تشویشات کو مؤثر انداز میں اُجاگر کرنے کیلئے ملکر کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک پر عالمی بحران کے اثرات کو پُر زور طریقے سے بیان کرنا ضروری ہے، تاکہ عالمی برادری اسے نظرانداز نہ کر سکے۔ ×

ED-Search Odisha SI Exam

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے اُڈیشہ میں سَب انسپیکٹر بھرتی امتحان 2024 کا سوالنامہ مبینہ طور پر لِیک ہونے کے معاملے میں اُڈیشہ اور مغربی بنگال میں 10 مقامات پر تلاشی کی کارروائیاں انجام دیں۔ ED کے اہلکاروں کے مطابق یہ معاملہ اُڈیشہ پولیس کی جانب سے پچھلے سال اکتوبر میں درج کی گئی ایک FIR سے شروع ہوا تھا، جسے بعد میں مرکزی تحقیقاتی بیورو کو سونپ دیا گیا تھا۔ ED کے مطابق اس معاملے کی تفتیش کے دوران مختلف ایجنسیوں اور اُن سے وابستہ افراد کے رول کی بھی جانچ کی جا رہی ہے۔ ایجنسی نے مزید کہا کہ اُڈیشہ سَب انسپیکٹر بھرتی میں مبینہ گھوٹالے کے تعلق سے جاری تحقیقات اور تلاشی کی کارروائیوں سے ایسی کمپنیوں اور اداروں کے مبینہ ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جو اب تک تحقیقات کے دائرے سے باہر ہے۔×

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج کیرالم، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے آندھراپردیش، جھارکھنڈ، اُڈیشہ، پنجاب، راجستھان اور اتراکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ آندھی اور طوفان کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق ساحلی کرناٹک، کونکن اور گوا میں موسم کے گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے۔×

India World Bowl Chamion

بھارت کے پٹّل سونووال نے آسٹریلیا کے شہر Barham میں "World Bowls Champion of Chamipons" مقابلے میں ابھی تک کے پہلے تمغے کو ملک کیلئے یقینی بناکر تاریخ رقم کی ہے۔
آسام کے 43 سالہ اِس کھلاڑی نے مردوں کے سنگلز مقابلے کے سیمی فائنلز میں پہنچ کر ایک سنگِ میل طے کیا ہے۔ سونووال نے کوارٹر فائنل میں سنگاپور کے Harriman Yuen کو ہرایا۔
وہ آسام پولیس کے اہلکار ہیں اور بھارت کے ایک سرکردہ Lawn Bowls کھلاڑی بن کر ابھرے ہیں۔
انھوں نے 2026 کے ایشیائی Lawn Bowls میں، سونے کا تمغہ جیتا تھا۔x

Crkcket

مردوں کے کرکٹ میں، ویسٹ انڈیز نے بھارت کو دوسرے ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں ہرا دیا ہے۔ یہ میچ کل رات رانچی میں کھیلا گیا۔ اس طرح سے 5 میچوں کی سیریز ایک-ایک سے برابر ہو گئی ہے۔ 250 رنوں کا پیچھا کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز نے 4 وکٹ کے نقصان پر 18 اوورس اور تین گیند میں 252 رن بنائے۔
اس سے قبل بھارت نے، پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ کے نقصان پر 249 رن بنائے تھے۔ بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تیسرا ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ اندور میں کل کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔-x

VP Jharkhand Visit'

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن آج جھارکھنڈ میں Deoghar کا دورہ کریں گے، جہاں وہ آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز AIIMs دیوگھر کے دوسری تقسیمِ اسناد کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ جناب رادھا کرشنن دیوگھر میں BBMT اسپتال میں منعقد Sainya Sampark Mela میں بھی شرکت کریں گے۔x

SC Juvenile Justice Act

سپریم کورٹ کی، جواں سال بچوں کی انصاف کمیٹی، UNICEF کے ساتھ مل کر آج نئی دلی میں متعلقہ فریقوں کی سالانہ مشاورت کا اہتمام کر رہی ہے، جس کا مقصد جواں سال بچوں سے متعلق انصاف، دیکھ بھال اور تحفظ سے متعلق، 2015 کے قانون کے، دس سال پورے ہونے کی یادگار منانا ہے۔
اِس دو روزہ تقریب میں، اِس سلسلے میں حصولیابیوں کا جائزہ لینے، عمل درآمد میں درپیش چیلنجوں کی نشاندہی اور جواں سال بچوں کے انصاف کو مستحکم کرنے سے متعلق ترجیحات پر بات چیت نیز اگلی دہائی میں بچوں کے تحفظ کے نظام کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم ہوگا۔
بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس سوریہ کانت اِس تقریب کا افتتاح کریں گے۔x

ECI Form 7

انتخابی کمیشن نے، انفرادی ووٹروں کی طرف سے داخل کی جانے والی Form-7 درخواستوں کی تعداد مقرر کردی ہے۔ اب دعووں اور اعتراضات کی مدت کے دوران، زیادہ سے زیادہ 10 درخواستیں اور فہرستوں کو لگاتار تازہ شکل دیے جانے کے عمل کے دوران، ہرمہینے پانچ درخواستیں داخل کی جا سکیں گی۔

کمیشن نے، انفرادی ووٹروں کی طرف سے داخل کیے گئے Form-7 کی معقول تعداد مقرر کرنے کے بارے میں ریاستوں اور مرکزی کے زیرِ انتظام علاقوں کے اعلیٰ افسران کو خط لکھے ہیں۔

آن لائن اور آف لائن، Form داخل کرنے کی تعداد مقرر کرنے کا فیصلہ، اس لیے کیا گیا ہے تاکہ انفرادی ووٹروں کی طرف سے بڑے پیمانے پر اعتراضات داخل کرنے کی حوصلہ شکنی کی جا سکے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسعد اللہ

شکریہ - شبانہ بیگم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب اور پرتاپ سمیت آج کے سبھی اخباروں نے مغربی بنگال سمیت چار ریاستوں میں ہوئے ضمنی چناؤ کے نتائج کے اعلان کو صفحۂ اوّل پر شائع کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مغربی بنگال کی 2 اسمبلی سیٹوں اور آسام کی ایک لوک سبھا سیٹ پر BJP کامیاب، جبکہ تمل ناڈو میں وزیر اعلیٰ وِجے کی پارٹی TVK نے جیت درج کی ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے: بھارت اور لائبیریا نے خلیجی خطّے اور اس سے ملحقہ علاقوں میں تجارتی جہازوں اور ملاحوں پر ہوئے حملے کی شدید مذمت کی ہے۔

''سال 26-2025 میں بھارت کی دفاعی برآمدات 38 ہزار 424 کروڑ تک پہنچ گئی ہے، جو کہ گزشتہ مالی سال کے مقابلے 60 فیصد سے زیادہ ہے'۔ وزیر دفاع کے اس بیان کو اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ایتھوپیا کے اپنے ہم منصب سے ملاقات کی اور تعلیم، تجارت و سرمایہ کاری سمیت ڈیجیٹل شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔ اس خبر کو بھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی خبر ہے: 'دلّی پولیس نے CJP کو جنتر منتر پر مظاہرے کی اجازت دینے سے کیا انکار، BNS کی دفعہ 163 کی خلاف ورزی پر کارروائی کی تنبیہ کی'۔ 'بھارتی نژاد جنوبی افریقہ کے قانون داں اور ICJ میں بطور جج خدمات انجام دے چکیں نوینتھم نوی پلّئی کو قانون و انصاف اور انسانی حقوق کے فروغ کیلئے امن کے نوبل انعام سے نوازا گیا'۔ اس خبر کو انقلاب نے خصوصیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے جواں سال بچیوں کی صحت، تغذیے اور مجموعی نشو و نما پر، مزید توجہ دینے کیلئے کہا ہے۔ انھوں نے خواتین اور بچوں کی ترقی سے متعلق، قومی محکمہ جاتی سربراہ میٹنگ کے اختتامی جلسے کی صدارت کی۔

2- دلی پولیس نے آج قومی راجدھانی میں جنتر منتر پر مجوزہ مظاہروں کی اجازت نہیں دی ہے۔ اُس نے قومی راجدھانی کے پورے علاقے میں حفاظتی اقدامات سخت کردیے ہیں۔ دلی-میٹرو کے 45 اسٹیشنوں سے آنے اور جانے پر بندش لگادی ہے۔

3- BJP کے آٹھ اور سماج وادی پارٹی کے 2 امیدواروں سمیت، اترپردیش کے سبھی 10 امیدواروں کو راجیہ سبھا کیلئے بلا مخالفت چن لیا گیا ہے۔

4- امریکہ نے تیل کی اِتنی زیادہ قیمتوں کے دوران، جس کی کوئی مثال نہیں ملتی، اگلے سال اپریل تک، عالمی مارکیٹ میں روسی ڈیزل کی فروخت پر عائد بندشیں ہٹالی ہیں۔

5- کھیلوں میں پُتّل سونووال نے آسٹریلیا میں، World Bowls Champion of Champions کے سیمی فائنل میں پہنچ کر، ملک کے اب تک کے پہلے تمغے کو یقینی بنالیا ہے۔

6- اور .... مردوں کی کرکٹ میں، ویسٹ انڈیز نے دوسرے ٹی۔ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں، بھارت کو چھ وکٹ سے ہراکر پانچ میچوں کی سیریز میں ایک-ایک سے برابری کرلی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔